پہلا نمبر ماہ جون ۱۹۰۵ء میں شایع ہوگا۔

بڑی تقطیع کے ۳۰ صفحہ ماہواری

مسیحی سنڈے سکول میگزین حصہ دوم

قیمت سالانہ مع محصول ڈاک ۱۲؁ اور حصہ اول کے خریداروں سے ۸؁

جو ہر مہینے کی پندرہ تاریخ امرتسر سے بسرپرستی پنجاب سنڈے سکول یونین شایع ہوگا۔

ایڈیٹر مسٹر ایم ایل ریلیارام بی اے ایل ایل بی وکیل امرتسر

اس ماہواری رسالہ میں جس کی مدت سے ضرورت محسوس ہو رہی تھی مضامین مفصلہ ذیل شایع ہوں گے:۔

۱۔ سنڈے سکول کام کے طریق۔ ۲۔ اُستادوں کے لئے ہدایات۔ ۳۔ سنڈے سکول کے متعلق تجربے اور نوٹ۔ ۴۔ سنڈے سکول کے سبقوں کی تشریح۔ ۵۔ بیبل کی جغرافیہ اور تواریخ۔ ۶۔ بیبل کی نظارے۔ جغرافیہ اور رسوم کا بیان۔ ۷۔ سنڈے سکولوں اور سنڈے سکول کام کے لئے شکرگذاری اور دعا۔

یہ رسالہ سنڈے سکول کی اعلیٰ جماعتوں اور اُستادوں کے لئے نہایت مفید ہوگا۔ اور اُمید کی جاتی ہے کہ وہ ایک بڑی ضرورت کو جو پنجاب میں عرصے سے محسوس ہو رہی ہے پورا کرے گا۔

قیمت سالانہ مع محصول ڈاک پیشگی یا بذریعہ قیمت طلب پارسل۔

(۱) ۱ کاپی بحساب ۱۲ ؁ فی کاپی ۔۔۔ ۱۲ ۔۔۔ ۰
(۲) ۲ کاپیاں ایک پتہ پر ۔ ۱۱ ؁ ۔۔۔ ۲ ۔۔۔ ۶
(۳) ۳ ۔ ۔ ۔ ۱۰ ؁ ۔۔۔ ۸ ۔۔۔ ۱
(۴) ۱۸ کاپیاں ایک پتہ پر بحساب ۹ ؁ فی کاپی ۔۔۔ ۲ ۔۔۔ ۱۰
(۵) ۲۴ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔۔۔ ۱۲
(۶) حصہ اول کے خریداروں کو ۸ ؁ فی کاپی۔
(۷) حصہ اول کے خریداروں کو ۶ کاپیاں ایک پتہ پر بحساب ۷ ؁ فی کاپی۔

ناظرین! اس کام کے اجرا میں ہم آپ کی مدد کے محتاج ہیں۔ ایک سال کے لئے آپ خود اس رسالہ کو خریدیں۔ اور اپنے احباب کو خریدنے کی تحریک دیں۔

خط وکتابت وترسیل زر بنام مینیجر ہونی چاہئے۔

مینیجر مسٹر ایم ایل ریلیارام امرتسر

ایڈیٹر مسٹر ایم ایل رلیا رام بی اے ایل ایل بی وکیل امرتسر

بڑی تقطیع ۲۰×۲۶/۸ کے ۳۶ صفحہ ماہواری

مسیحی امرتسر

حصہ اول - سلسلہ جدید

کا

پراسپیکٹس

قیمت سالانہ مع محصولڈاک

	روپیہ	آنہ	پائی
۲۵ روپیہ ماہوار آمدنی والوں سے	۱	۰	۰
۵۰ روپیہ ماہوار آمدنی والوں سے	۱	۸	۰
۵۰ روپیہ ماہوار سے زیادہ آمدنی والوں سے	۲	۰	۰

یہ رسالہ جنوری ۱۸۹۶ء سے جاری ہے نو سال تک قایم رہکر سال گذشتہ کے اخیر میں چند مشکلات کے باعث اسکو بند کرنے کی تجویز کی گئی اور قطعی فیصلہ کرنے سے پیشتر ماہ نومبر کے رسالہ میں اسکا اعلان کیا گیا۔ مگر چونکہ مسیحی بھائیوں کی طرف سے صدہا درخواست کا سلسلہ نظر آیا۔ تو آخر دسمبر کے پرچہ میں دوبارہ ناظرین کی یہ خواہش کی گئی کہ اگر وہ اس رسالہ کو جاری رکھنا چاہیں تو مطلع فرمائیں۔ ورنہ اسی کو آخری پرچہ تصور فرمائیں۔ ہمارے اس آخری گذارش کی طرف کئی ایک اصحاب اور بزرگان کلیسیا نے توجہ مبذول فرمائی۔ بعض نے بذریعہ خطوط اور اوروں نے زبانی اس کمترین رسالہ کی نسبت ایسے محبت افزا کلمات کا اظہار کیا۔ کہ اس کے کاربرداران کو دوبارہ جاری کرنے کا حوصلہ پیدا ہوا۔ اسکا مدعا کبھی یہ نہیں سمجھا کہ ہر قسم کے لوگوں کو خوش کرے۔ اور ہر ایک قماش کے ناظرین کو خوش کرنا ایک ناممکن امر ہے۔ اب جو اسکو نئے سر سے شروع کرنے کا قصد کیا گیا ہے۔ اس میں مدنظر یہ رکھا جائے گا کہ یہ رسالہ فی الحقیقت ہندوستانی مسیحیوں کی رائے کا آئینہ ہو۔ اور اس میں ایسے مضامین مندرج ہوں جو دلچسپ اور مفید ہوں۔ یہ رسالہ خصوصاً ایسے مسیحی واعظین کی خاطر جاری کیا گیا تھا جو زبان انگریزی سے بے بہرہ ہیں۔ اور جنکو اپنی خدمت کے دوران میں کوئی روحانی اور سوشیل خیالات کا اخبار یا رسالہ دستیاب نہیں ہو سکتا۔ خوشی کی بات ہے کہ زیادہ تر اسی قسم کے واعظوں نے مسیحی کو قایم رکھنے پر زور دیا اور ہر طرح سے اسکی امداد میں کوشش کرنے کا وعدہ کیا ہے۔

اس رسالہ کو دوبارہ زندہ کرنے سے پیشتر اس امر کا اظہار ضروری ہے کہ اس کی آزاد پالیسی میں سرمو فرق نہیں آئیگا کیونکہ اکثر ناظرین نے اسکے کاربردازوں کو یقین دلایا ہے کہ اگر مسیحی کی پالیسی میں آزادی کا جزو قایم نہ رہے تو اسکی دلچسپی بھی قایم نہیں رہ سکتی۔ ہاں البتہ جن امور کو ہمارے معزز ناظرین اور کلیسیا کے بزرگ قابل اعتراض قرار دیتے ہیں ان کو آیندہ اس رسالہ میں سے خارج کیا جائیگا۔ اگر ہم گذشتہ نو سال کے تجربہ سے کوئی مفید سبق حاصل نہیں کرسکتے تو ہم ہرگز ترقی نہیں کرسکیں گے اس لئے ہم وعدہ کرتے ہیں کہ اس کو ہر طرح سے ہندوستانی مسیحی کلیسیا کی رائے اور خیالات کے اظہار کا آئینہ ثابت کرنے کی کوشش کی جائیگی۔

علاوہ اس پہلو کے جسکی نسبت غلط فہمی کا احتمال رفع کرنا از بس لازمی تھا اس جدید سلسلہ میں بعض نئے اور دلچسپ مضامین کو داخل کیا جائیگا۔ مثلاً

ابتدائی کلیسیا کے بزرگوں کے حالات اور ان کی تعلیم کا لب لباب پیش کیا جائیگا۔

زمانہ حال کے مستند عالموں کے خیالات پیش ناظرین ہونگے۔

روحانی زندگی اور تجربہ کے متعلق تصانیف کے ترجمے شایع کئے جائینگے۔

عام شایقین کے مذاق کی خاطر ایک دلچسپ مسیحی ناول سلسلہ وار درج کیا جائیگا۔

غرض اس نئے رسالہ کو ہر پہلو ایک معزز مسیحی رسالہ بنانے کی سعی کی جائیگی۔ اور اسکو مفید اور دلچسپ بنانے میں حتی الامکان کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا جائیگا۔ اس رسالہ کا حجم رفتہ رفتہ بڑھا دیا جائیگا۔ فی الحال اسکی ضخامت معہ سرورق ۳۶ صفحے ہے۔ حسب توفیق خریداران قیمت کے تین درجے قایم کئے گئے ہیں۔ یعنی

ایک کاپی		چھ کاپیاں	
۲۵ روپے ماہوار آمدنی سے کم	[illegible]	بحساب ۱۵ آنہ فی کاپی	۵ روپے ۱۰ آنہ
۲۵ روپے ماہوار آمدنی سے اوپر ۵۰ تک	[illegible]	بحساب [illegible] فی کاپی	۸ روپے ۴ آنہ
۵۰ روپے ماہوار آمدنی سے اوپر	[illegible]	بحساب [illegible] فی کاپی	۱۰ روپے ۸ آنہ

حصہ اول و دوم کے خریداروں کو اخبار "نور افشاں" لودیانہ بجائے ۲ روپیہ ۸ آنہ سالانہ کے ۱ روپیہ ۸ آنہ پر دیا جائیگا۔ اسکے علاوہ جو صاحب حسب توفیق ایک روپیہ ماہوار یا ایک روپیہ سالانہ دیں تاکہ ۲۵ روپیہ ماہوار آمدنی والوں کو ایک روپیہ سالانہ پر جو اصل خرچ سے بھی کم ہے رسالہ دیا جائے وہ رسالہ کے معاون کہلائینگے اور ایک صلاح مشورہ دینے والی کمیٹی کے ممبر ہونگے۔

ماہ دسمبر کے رسالہ میں اعلان کیا گیا تھا کہ ایک سو نئے خریدار پیدا ہونے پر پھر رسالہ جاری کیا جائیگا۔ مگر چونکہ شرح قیمت میں ایسی معقول تخفیف کی گئی ہے کہ جس سے یہ رسالہ ادنی سے ادنی حیثیت کے ناظرین کیلئے بھی گران نہیں ہو سکتا اسلئے اُمید کیجاتی ہے کہ خریداروں کی کل تعداد بآسانی پانسو ہو جائیگی۔ اس تعداد کے پورا ہو جانے پر مسیحی کو جاری کرنیکا فوراً انتظام کیا جائیگا۔ بعد غور و فکر کے یہ بھی مناسب معلوم ہوا ہے کہ مسیحی کی اشاعت کو آیندہ فقط مسیحیوں تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ جو غیر مسیحی اصحاب اسکے خریدار بننے کی خواہش ظاہر کریں انکا نام خریداروں میں درج کیا جائے۔

یہ رسالہ تو کبھی منافع حاصل کرنیکی غرض سے جاری کیا گیا اور آیندہ بھی اس قسم کے خیال سے اسکو نفرت ہے۔ مگر یہ معقول معلوم ہوتا ہے کہ جب ناظرین کے ساتھ ہر قسم کی رعایت کیگئی ہے تو ہر ایک خریدار ماہانہ چندہ پیشگی ارسال کرے۔ اول پرچہ بطور نمونہ مفت۔ اور دوسرا پرچہ یا تو قیمت طلب پارسل کے ذریعہ یا بصورت دیگر نقد قیمت وصول ہونے پر ارسال کیا جائیگا۔ [illegible]

ماہ دسمبر کے پرچہ میں اس امر کا اظہار کیا گیا تھا کہ خدا مسیحی کی خاک میں سے ایک بہتر رسالہ پیدا کریگا۔ اس نئے سلسلہ کو جو ایک طرح بالکل نیا رسالہ ہے۔ نسبت سابق ہر طرح سے بہتر ثابت کرنے کی کوشش کی جائیگی۔ اس لئے کمر ہمت باندھئے۔ خود خریدیئے۔ اور اوروں کو اسکی خریداری کا شوق دلایئے۔ اور قیمت پیشگی روانہ فرماکر مسیحی کو از سر نو قایم کرنے میں ہاتھ بٹایئے۔

مینیجر مسٹر ایم ایل رلیا رام امرتسر جنکے نام ترسیل زر و دیگر خط و کتابت متعلقہ رسالہ ہونی چاہیئے